## کراچی میں خودکش بم دھماکے میں درجنوں معصوم و بے گناہ عزادارانِ حسینؑ کی شہادت کے سانحہ پر کل بروز منگل سندھ بھر میں پرامن یوم سوگ منایا جائے۔الطاف حسین

### سندھ بھر کے عوام اپنے گھروں، دکانوں پر سیاہ پرچم لہرائیں، بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھیں،شہداء کے لواحقین کا غم بانٹیں

لندن۔۔۔28،دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی میں یوم عاشور کے موقع پر نکالے جانے والے مرکزی ماتمی جلوس میں خودکش بم دھماکے میں درجنوں معصوم و بے گناہ عزادارانِ حسینؑ کی شہادت کے سانحہ پر کل بروز منگل سندھ بھر میں پرامن یوم سوگ منانے کا اعلان کیا ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ ایک قومی سانحہ ہے جس میں درندہ صفت عناصر نے خودکش حملہ کر کے درجنوں معصوم عزاداروں کو خون میں نہلا دیا۔جناب الطاف حسین نے سندھ بھر کے عوام سے دردمندانہ اپیل کی ہے کہ وہ اس سانحہ پر کل بروز منگل سندھ بھر میں پرامن یوم سوگ منائیں،اپنے گھروں، دکانوں پر سیاہ پرچم لہرائیں، بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھیں،شہداء کے لواحقین کا غم بانٹیں اور مکمل طور پر پرامن رہیں۔

## کراچی میں آتشزدگی کے واقعات کی تحقیقات کرائی جائے اور تاجروں اور دکانداروں سمیت تمام متاثرین کے نقصانات کا ازالہ کیا جائے۔الطاف حسین

### عزادارانِ حسینؑ تو زخمیوں اور لاشوں کو اٹھانے میں مصروف تھے پھر وہ کونسے عناصر تھے جنہوں نے آگ لگانے کی کارروائی کی

### نذر آتش کی جانے والی املاک کے مالکان خصوصاً تاجروں اور دکانداروں سے الطاف حسین کا اظہار ہمدردی

لندن۔۔۔28،دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی میں ایم اے جناح روڈ پر ماتمی جلوس میں خودکش حملے کے بعد بعض عناصر کی جانب سے دکانوں ، مارکیٹوں ،گاڑیوں اور دیگر املاک کو نذر آتش کئے جانے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے اور نذر آتش کی جانے والی املاک کے مالکان خصوصاً تاجروں اور دکانداروں سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ خودکش حملے کے بعد جس تیزی کے ساتھ ایم اے جناح روڈ پر مارکیٹوں،دکانوں اور رہائشی عمارتوں کو آگ لگائی گئی اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ عوام کا ردعمل نہیں بلکہ کسی منظّم سازش اور دہشت گردی کی کارروائی کا حصہ معلوم ہوتا ہے کیونکہ خودکش حملے کے بعد عزادارانِ حسینؑ تو زخمیوں اور لاشوں کو اٹھانے میں مصروف تھے اور غم سے نڈھال تھے پھر وہ کونسے عناصر تھے جنہوں نے آگ لگانے کی کارروائی کی۔جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ آتشزدگی کے واقعات کی بھی تحقیقات کرائی جائے اور تاجروں اور دکانداروں سمیت تمام متاثرین کے نقصانات کا ازالہ کیا جائے۔

## خودکش حملے میں جیو کے سینئر رپورٹر فہیم صدیقی کے صاحبزادے باذل صدیقی اور بھانجی انزلنا حنیف کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت،زخمی فہیم صدیقی سے اظہار ہمدردی

لندن۔۔۔28،دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی میں ایم اے جناح روڈ پر خودکش حملے میں جیو کے سینئر رپورٹر فہیم صدیقی کے صاحبزادے باذل صدیقی اور بھانجی انزلنا حنیف کی شہادت پر دلی تعزیت کا اظہار کیا اور فہیم صدیقی سے ہمدردی کا اظہار کیا ہے جو خودکش حملے میں شدید زخمی ہوئے ہیں۔ اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں اور ایم کیو ایم کے تمام کارکنان اس سانحہ پر فہیم صدیقی اور ان کے تمام اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ معصوم باذل صدیقی شہید اور انزلنا حنیف شہید کو شہادت کا درجہ عطا کرے اور تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔جناب الطاف حسین نے فہیم صدیقی کی بھی جلد صحتیابی کی دعا کی۔

## ڈاکٹر فاروق ستار، رضا ہارون اور فیصل سبزواری نے کراچی میں خودکش بم دھماکے میں زخمی ہونے والے عزاداران حسینؑ کی اسپتالوں میں جاکر عیادت کی

کراچی۔۔۔28، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی کے رکن رضا ہارون اور حق پرست صوبائی وزیر فیصل سبزواری نے یوم عاشور کے مرکزی ماتمی جلوس کے زخمیوں کی جناح اسپتال، لیاقت نیشنل اسپتال اور آغا خان اسپتال جاکر عیادت کی اوران سے مکمل ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر پیپلز پارٹی کی رہنما فوزیہ وہاب بھی موجود تھیں۔ ایم کیوایم کے وفد نے اسپتالوں میں زخمی عزاداران حسینؑ کی فرداً فرداً جاکر خیریت دریافت کی اوران سے بم دھماکے کی تفصیلات معلوم کیں۔ انہوں نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے بھی زخمیوں کی خیریت دریافت کی اور بم دھماکے میں زخمی ہونے والے عزاداران حسینؑ کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی۔ اس موقع پر بم دھماکے میں شہید ہونے والے افراد کے لواحقین اور زخمیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ محرم کے مقدس مہینے میں دہشت گردی کرنے کا صاف مقصد یہ ہے کہ لوگوں کو مشتعل کیا جائے، فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو سبوتاژ کرکے فرقہ واریت کو فروغ دیا جائے اور شہر کے امن کو خراب کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتی ہے اور دہشت گردی کے واقعات پر عوام سے پرامن رہنے کی اپیل کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج حسینؑ کے ماننے والوں کا دن ہے اور یہ دن ہمیں صبر، ایثار اور قربانی کا درس دیتا ہے۔

## الطاف حسین ہمیشہ باطل اور یزیدی قوتوں کے خلاف جدوجہد کرتا رہے گا، الطاف حسین

## جب تک میرے جسم میں جان باقی ہے میں حسینیتؑ کے حق پرستانہ مشن کولیکر چلتا رہوں گا اور یزیدی قوتوں کے آگے سرنہیں جھکاؤنگا

## الطاف حسین اپنے قول وفعل اور حق گوئی سے معصوم علی اصغر کی شہادت کورائیگاں نہیں جانے دے گا

## حضرت امام حسینؑ کی شہادت رہتی دنیا تک تمام مظلوموں اور محروموں کیلئے ایک راہ ہدایت ہے

## یوم عاشور کے موقع پر ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کا بیان

لندن۔۔۔28، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے یوم عاشور کے موقع پر اپنے ایک بیان میں تمام مسلمانوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا ہے کہ حسینیتؑ پر ایمان رکھنے والا الطاف حسین ہمیشہ باطل اور یزیدی قوتوں کے خلاف جدوجہد کرتا رہے گا اور کربلا میں سرکار دوعالمؐ کے خاندان کے پایہء استقامت اور جانوں کے نذرانے پیش کرنے کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اپنی جان دینے سے بھی گریز نہیں کرے گا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ چھ ماہ کے معصوم اور پیاسے علی اصغر کی قسم، الطاف حسین اپنے قول وفعل اور حق گوئی سے اس معصوم کی شہادت کورائیگاں نہیں جانے دے گا۔ انہوں نے کہا کہ نواسہء رسولؐ حضرت امام حسینؑ کی شہادت رہتی دنیا تک تمام مظلوموں اور محروموں کیلئے ایک راہ ہدایت ہی نہیں بلکہ ان کے مسائل کے ادراک کیلئے ایک مثالی اور ناقابل فراموش نمونہ بھی ہے۔ واقعہ کربلا حق اور سچ کی راہ میں بڑی سے بڑی قربانی دینے کا درس دیتا ہے اور میدان کربلا میں امام عالی مقامؑ اوران کے رفقاء نے ایثار وقربانی اور ثابت قدمی کی ایسی لازوال مثال قائم کی ہے جو رہتی دنیا تک یادرکھی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج میں ہرسوگواران حسینؑ کی طرح خود بھی سوگوار ہوں اور عہد کرتا ہوں کہ جب تک میرے جسم میں جان باقی ہے میں حسینیتؑ کے حق پرستانہ مشن کولیکر چلتا رہوں گا اور کبھی باطل اور یزیدی قوتوں کے آگے سرنہیں جھکاؤنگا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ یوم عاشور تمام مظلوموں اور محروموں کو یہ پیغام دے رہا ہے کہ وہ اپنی زندگی میں امام حسینؑ اوران کے ساتھیوں کی لازوال قربانیوں کو مشعل راہ بنائیں، سچ کو سچ اور جھوٹ کو جھوٹ کہیں، سچ کا ساتھ دیں اور جھوٹ سے مکمل کنارہ کشی اختیار کریں۔ امام حسینؑ کے نقش قدم پر چلتے ہوئے مذہبی رواداری، فرقہ وارانہ ہم آہنگی، اتحاد واتفاق اور قربانی کے جذبے سے خود کو معمور کریں۔ آخر میں جناب الطاف حسین نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ معصومین کربلا بشمول حضرت امام حسینؑ کے درجات بلند فرمائے اور ہم سب کو ان کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆

## ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت یوم عاشور کے موقع پر شہر بھر سے
## نکلنے والے ماتمی اور تعزیئے کے جلوسوں کی گزرگاہوں پر درجنوں طبی امدادی کیمپس اور سبیلوں کا انعقاد
## طبی کیمپوں پر زخمی عزاداران حسینؑ کو علاج ومعالجہ کی سہولیات فراہم کی گئیں اور قریبی اسپتالوں میں ریفر کیا گیا
## خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینسیں موجود رہیں، سبیلوں پر شربت اور لنگر کی تقسیم

کراچی ۔۔۔28، دسمبر 2009ء

ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت یوم عاشور پر شہر کے مختلف علاقوں سے نکلنے والے تعزیئے اور ماتمی جلوسوں کی گزرگاہوں پر درجنوں طبی امدادی کیمپس اور سبیلیں لگائی گئیں اور زخمی عزاداران حسینؑ کو طبی امداد فراہم کی گئی ۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت لانڈھی میں امام بارگاہ ابوالفضل العباس بابر مارکیٹ ، 36بی امام بارگاہ لانڈھی، کربلا گراؤنڈ ڈگری کالج 5-C لانڈھی، خواتین مرکز لانڈھی نمبر6، کورنگی میں ناصر کالونی نمبر 1 سے 100 کواٹر، کورنگی نمبر ڈھائی، ملیر میں دربار حسینی، یونٹ 99، شاہ فیصل میں خواجہ چوک شاہ فیصل کالونی نمبر 1 ، رضا چوک شاہ فیصل کالونی نمبر 4، شاہ فیصل کالونی نمبر 5، اسکیم 33 میں سادات امروہہ، رضویہ سوسائٹی، عباس ٹاؤن ، پی آئی بی میں امام بارگاہ شاہ نجف، شاہ خراساں، سوسائٹی میں امام بارگاہ حسینی محمود آباد میں محمود آباد نمبر 4، برنس روڈ میں ایم اے جناح روڈ اللہ والا مارکیٹ ، رنچھوڑ لائن میں دلپسند سوئٹس، لیاری مس امام بارگاہ زکی شاہ، بارہ امام، اورنگی ٹاؤن میں یونٹ 121 ، نیوکراچی میں یونٹ 141 ، یونٹ 142 ، نارتھ ناظم آباد میں باب العلم بلاک D، امام بارگاہ امام زین العابدین ناگن چورنگی ، ناظم آباد گلبہار میں معصومیہ امام بارگاہ، جعفریہ امام بارگاہ، ایف بی ایریا میں المحسن ہال بلاک نمبر 16، IRC گراؤنڈ عائشہ منزل، امام بارگاہ بوتراب عزیز آباد، لائینز ایریا میں مرکزی کیمپ نمائش چورنگی اور لیاقت آباد میں داکخانہ کے مقامات پر طبی کیمپ قائم کئے گئے جہاں ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹروں اور پیرا میڈیکل اسٹاف کے ارکان نے خدمات انجام دیں اور زخمی عزاداران حسینؑ کو فوری طبی امداد کی فراہمی کے علاوہ بعض عزاداران حسینؑ کو قریبی اسپتالوں میں علاج کی غرض سے ریفر کیا۔طبی کیمپوں پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینسیں بھی موجود رہیں ۔اسی طرح جلوسوں کی گزرگاہوں پر ایم کیوایم کے تحت قائم سبیلوں پر شربت اور ٹھنڈا پانی عزاداران حسین کو فراہم کیا گیا اور لنگر بھی تقسیم کیا گیا۔

## یوم عاشور پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست ارکان اسمبلی، سٹی ناظم کراچی اور امن کمیٹیوں کے ارکان
## کی نشتر پارک سے برآمد ہونے والے مرکزی جلوس میں شرکت
## شیعہ علمائے کرام اور انجمنوں نے ایم کیوایم کے وفد کی شرکت کا خیر مقدم کیا اور جلوس کی گزرگاہ پر انتظامات کو سراہا، جمشید ٹاؤن کے ٹاؤن ناظم

کراچی ۔۔۔28، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست ارکان اسمبلی، حق پرست سٹی ناظم کراچی ، ٹاؤن ناظمین ، یوسی ناظمین ، ایم کیوایم علماء کمیٹی اور ایم کیوایم کی امن کمیٹیوں کے ارکان نے یوم عاشور پر نشتر پارک کراچی سے نکلنے والے مرکزی جلوس میں شرکت کی اور جلوس کے اختتام تک ساتھ رہے ۔مرکزی ماتمی جلوس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب احمد بخاری ، ڈاکٹر نصرت ، رضا ہارون ، کیف الوری ، سیف یار خان ، حق پرست سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال، حق پرست رکن قومی اسمبلی رشید گوڈیل ، رکن سندھ اسمبلی محمد ریحان ، جمشید ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم جاوید احمد شریک ہوئے ۔حق پرست نمائندوں نے جلوس کی گزرگاہ پر لگائے گئے ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے طبی امدادی کیمپ اور سبیلوں کا دورہ کیا اور یہاں خدمات انجام دینے والے ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹروں اور کارکنان کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔جلوس میں شامل شیعہ علمائے کرام اور شیعہ انجمنوں نے جلوس میں ایم کیوایم کے وفد کی شرکت کا زبردست خیر مقدم کیا اور جلوس کی گزرگاہوں پر ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن، سٹی گورنمنٹ کراچی اور جمشید ٹاؤن کی جانب سے طبی وامدادی کیمپوں اور سبیلوں کے انعقاد اور سیکورٹی کے انتظامات کو سراہا اور کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین محرم الحرام کے مہینے میں جس طرح سے عملی کردار ادا کرتے ہیں وہ ناقابل فراموش ہے اور ان کی عملی جدوجہد کے باعث آج عوام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی پائی جاتی ہے ۔اس موقع پر جمشید ٹاؤن کے زیر انتظام کمانڈ اینڈ کنٹرول روم بھی بنایا گیا تھا جہاں سے 40 کیمروں کی مدد سے نشتر پارک، محفل شاہ خراساں اور مرکزی جلوس کی نگرانی جاتی رہی اور ٹینکروں کے ذریعے عزاداران حسین کو پانی فراہم کیا جاتا رہا۔دریں اثناء جمشید ٹاؤن کے حق پرست ناظم جاوید احمد نے فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور مذہبی رواداری کے فروغ کیلئے لیاقت آباد سے برآمد ہونے والے سنیوں کے جلوس میں شرکت کی اور جلوس کے اختتام تک ساتھ رہے۔

☆☆☆☆☆